ماڈل پیپر "جغرافیہ"

برائے انٹرمیڈیٹ پارٹ-I امتحان 2007

تعلیمی سیشن 2006-2008

(حصہ معروضی)

رول نمبر: ہندسوں میں---------- وقت: 20 منٹ

الفاظ میں------------ کل نمبر: 17

نوٹ: اپنا رول نمبر صرف مختص جگہ پر تحریر کریں۔
سوال نمبر 1 کے تمام جزو حل کرنا لازمی ہیں۔
تمام سوالات کے جوابات اسی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دی گئی ہدایات کے مطابق حل کریں۔
کاٹ کر یا کسی بھی طریقے سے مٹا کر یا لیڈ پنسل سے لکھے ہوئے جوابات غلط تصور ہوں گے۔

سوال نمبر 1- ہر سوال کے دیئے ہوئے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔ 17

(i) لفظ جغرافیہ کے لغوی معنی کیا ہیں؟
(الف) ستاروں کا بیان (ب) زمین کا بیان (ج) سمندروں کا بیان (د) آب و ہوا کا بیان

(ii) ڈاکٹر کیلٹی (Dr.Kelti) نے جغرافیہ کی تعریف کس سن میں بیان کی؟
(الف) 2001ء (ب) 1891ء (ج) 1850ء (د) .

(iii) ثقافتی جغرافیہ کا تعلق جغرافیہ کی کس شاخ سے ہے؟
(الف) طبعی جغرافیہ (ب) انسانی جغرافیہ (ج) بحری جغرافیہ (د) سیاسی جغرافیہ

(iv) کرہ حجری (Lithosphere) میں زمین کے کس حصے کا مطالعہ کیا جاتا ہے؟
(الف) سمندروں پر مشتمل حصے کا (ب) زمین کے بیرونی حصے کا (ج) صحراؤں پر مشتمل حصے کا (د) جنگلات پر مشتمل حصے کا

(v) زمین نظام شمسی کے رکن کی حیثیت سے سورج سے کتنے نمبر پر ہے؟
(الف) دسویں نمبر پر (ب) تیسرے نمبر پر (ج) پانچویں نمبر پر (د) پہلے نمبر پر

(vi) زمین سورج سے کتنے فاصلے پر ہے؟
(الف) 58 ملین کلومیٹر (ب) 150 ملین کلومیٹر (ج) 108 ملین کلومیٹر (د) 228 ملین کلومیٹر

(vii) خط استوا پر زمین کا قطر کتنا ہے؟
(الف) 15550 کلومیٹر (ب) 12748 کلومیٹر (ج) 10590 کلومیٹر (د) 5712 کلومیٹر

(viii) ارضی علوم کے ماہرین کے مطابق زمین کی عمر کتنی ہے؟
(الف) 500 ملین سال (ب) 4500 ملین سال (ج) 1000 ملین سال (د) 1250 ملین سال

(ix) زمین کی سطح کے کتنے فیصد حصے پر تقریباً پانی ہے؟
(الف) 50 فیصد (ب) 70 فیصد (ج) 90 فیصد (د) 15 فیصد

(x) سطح زمین کا زیادہ تر حصہ کن چٹانوں سے ڈھکا ہوا ہے؟
(الف) آتشی چٹانوں سے (ب) رسوبی چٹانوں سے (ج) متغیرہ چٹانوں سے (د) کاربونیفیشن چٹانوں سے

(xi) براعظمی پوست (Continental erust) کی اوسط گہرائی کتنی ہے؟
(الف) 100 کلومیٹر (ب) 1903 کلومیٹر (ج) 50 کلومیٹر (د) 10 کلومیٹر

(xii) زمین کی سطح کا کل رقبہ کتنا ہے؟
(الف) 320 ملین مربع کلومیٹر (ب) 100 ملین مربع کلومیٹر (ج) 50 ملین مربع کلومیٹر (د) 200 ملین مربع کلومیٹر

(xiii) لیکولیتھ چٹان کا شمار کن چٹانوں میں ہوتا ہے؟

(الف) تغیرہ چٹانیں (ب) آتشی چٹانیں (ج) تہہ دار چٹانیں (د) نامیاتی چٹانیں

(xiv) الپائن پہاڑوں کی ارضیاتی عمر کتنی ہے؟

(الف) 200ملین سال (ب) 25 ملین سال (ج) 100 ملین سال (د) 50 ملین سال

(xv) سطح مرتفع تبت کی بلندی کتنی ہے؟

(الف) 500میٹر (ب) 4500 میٹر (ج) 1500 میٹر (د) 1050 میٹر

(xvi) دریائی گزرگاہ کو کتنی منازل میں تقسیم کیا جا سکتا ہے؟

(الف) پانچ (ب) تین (ج) سات (د) دس

(xvii) سمندر کے پانی میں عام نمک (سوڈیم کلورائیڈ) کا تناسب کتنے فیصد ہوتا ہے؟

(الف) 25فیصد (ب) 27.213 فیصد (ج) 15 فیصد (د) 50 فیصد

ماڈل پیپر "جغرافیہ"

برائے انٹرمیڈیٹ پارٹ۔I امتحان 2007

تعلیمی سیشن 2006-2008

(حصہ انشائی)

وقت: 2-10 گھنٹے کل نمبر: 68

نوٹ: حصہ اول میں سے کوئی سے بائیس (22) اور حصہ دوم میں سے کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

حصہ اول

سوال نمبر 2- درج ذیل میں سے کوئی سے بائیس (22) سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 22x2=44

(i) علم جغرافیہ کی جامع تعریف تحریر کیجئے۔

(ii) علم جغرافیہ کی دو بڑی شاخوں کے نام تحریر کیجئے۔

(iii) طبعی جغرافیہ کی کوئی چار اہم شاخوں کے نام تحریر کیجئے۔

(iv) نظام شمسی کے سب سے بڑے اور سب سے چھوٹے سیارے کا نام تحریر کریں۔

(v) چٹان سے کیا مراد ہے؟ مثالوں سے واضح کریں۔

(vi) چٹانوں کی تین بنیادی اقسام کون کون سی ہیں؟

(vii) چار آتشی چٹانوں کے نام تحریر کریں۔

(viii) پلوطانی چٹان کی مشہور قسم گرینائیٹ کی خصوصیات تحریر کریں۔

(ix) نامیاتی چٹانوں کا شمار چٹانوں کے کس بنیادی گروپ سے ہے؟

(x) تہ دار چٹانوں کی اہم خصوصیات تحریر کریں۔

(xi) متغیرہ چٹانوں کی اہم خصوصیات تحریر کریں۔ نیز دو اہم اقسام کے نام لکھیں۔

(xii) عمر کے لحاظ سے پہاڑوں کی اقسام کے نام لکھئے۔

(xiii) بناوٹ کے لحاظ سے پہاڑوں کی کون کون سی اقسام ہیں؟

(xiv) سطوح مرتفع کی تین بڑی اقسام کے نام تحریر کریں۔

(xv) میدان کی تعریف جامع الفاظ میں تحریر کریں۔

(xvi) میدانوں کی تین بنیادی اقسام کون کون سی ہیں؟

(xvii) تحویلی میدان کی تین بڑی اقسام کے نام تحریر کریں۔

(xviii) عمل فرسودگی سے کیا مراد ہے؟ ارضی نقوش پر اثر انداز ہونے والے عوامل کون کون سے ہیں؟

(xix) دریائی گزرگاہ کو کتنی منازل میں تقسیم کیا گیا ہے؟ ان منازل کے نام اور چند خصوصیات تحریر کریں۔

(xx) دریا اپنا ڈیلٹا کس منزل میں تشکیل دیتا ہے؟ دریائے سندھ کا ڈیلٹا کہاں سے شروع ہوتا ہے؟

(xxi) دریاؤں کی اہمیت مختصر الفاظ میں بیان کیجئے۔

(xxii) سیلابی میدان کیسے وجود میں آتے ہیں؟

(xxiii) گلیشئر کی تعریف لکھیے نیز اس کی اقسام کے نام لکھئے۔

(xxiv) لوئیس (Loess) مٹی کیسے وجود میں آتی ہے اور کن علاقوں میں پائی جاتی ہے؟

(xxv) پانچ اہم سمندروں کے نام تحریر کریں۔

(xxvii) بحری رو ئیں پیدا ہونے کے اسباب تحریر کیجئے۔

(xxviii) شمالی بحراوقیانوس کی اہم بحری روؤں کے نام تحریر کریں۔

(xxix) بحراوقیانوس کی خلیجی رو کی نمایاں خصوصیات لکھیے۔

(xxx) جنوبی بحراوقیانوس کی چار اہم روؤں کے نام تحریر کیجئے۔

(xxxi) کیمنکا کی بحری رو کی نمایاں خصوصیات تحریر کریں۔

(xxxii) بحری روؤں کے بارش پر اثرات کو مثالوں سے واضح کیجئے۔

(xxxiii) آب و ہوا پر اثر انداز ہونے والے عوامل کے نام تحریر کیجئے۔

حصہ دوم

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف تین کے جوابات تحریر کریں۔ 8x3 = 24

سوال نمبر 3۔ علم جغرافیہ کی تعریف بیان کیجئے نیز جغرافیہ کی اہمیت بیان کیجئے۔ 8

سوال نمبر 4۔ نظام شمسی سے کیا مراد ہے؟ نظام شمسی کے سیاروں پر مفصل نوٹ تحریر کیجئے۔ 8

سوال نمبر 5۔ چٹان کی تعریف تحریر کیجئے نیز آتشی چٹانوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ 8

سوال نمبر 6۔ پہاڑ کس زمینی نقش کو کہتے ہیں؟ بناوٹ کے لحاظ سے پہاڑوں کی تقسیم تحریر کیجئے۔ 8

سوال نمبر 7۔ بحری رو کی تعریف تحریر کیجئے نیز بحراوقیانوس کی روؤں کا مختصر حال تحریر کیجئے۔ 8